Date 4-FEB-2023

# المرقاۃ 40 مفصل MCQ's

1. مرقاۃ کے مصنف کا نام ہے۔

1۔ جلال الدین امجدی 2۔ امام رازی 3۔ فضل امام خیرآبادی 4۔ کچھ نہیں

2. مرقاۃ کے مصنف کا متوفی ہے۔

1۔ 1250 یا 1280ھ 2۔ 1234 یا 1214ھ 3۔ 1243 یا 1244ھ 4۔ کچھ نہیں۔

3. علم کی اقسام ___ ہیں

1۔ تین 2۔ پانچ 3۔ سات 4۔ کچھ نہیں۔

4. وہ ادراک جو حکم سے خالی ہو ___ کہلاتا ہے

1۔ تصور 2۔ اذعان 3۔ علم 4۔ تصدیق۔

5. کسی امر کی دوسرے امر کی جانب ایجاباً یا سلباً نسبت کو ___ کہتے ہیں۔

1۔ علم 2۔ مضاف 3۔ حکم 4۔ ان میں سے کچھ نہیں۔

6. کبھی ___ کی تفسیر نسبت کے واقع ہونے یا نہ ہونے سے کی جاتی ہے۔

1۔ علم 2۔ اضافت 3۔ حکم 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

7. "صرف زید کا تصور یا صرف قیام کا تصور" یہ مثال ہے

1۔ تصور کی 2۔ تصدیق کی 3۔ حکم کی 4۔ ان میں سے کچھ نہیں

8. "تصدیق وہ ہے جو تصورات ثلاثہ سے ملا ہوا ہو" تصدیق کی یہ تعریف ہے ___ کے نزدیک

1۔ حکماء 2۔ امام رازی 3۔ بو علی سینا 4۔ ارسطاطالیس (ارسطو)۔

9. تصدیق کے وجود کے لئے تصورات ثلاثہ شرط ہیں ___ کے نزدیک

1۔ حکماء 2۔ امام رازی 3۔ بو علی سینا 4۔ ارسطاطالیس (ارسطو)۔

10. تصور کے بغیر تصدیق نہیں پایا جاسکتا ___ کے نزدیک۔

1۔ حکماء 2۔ امام رازی 3۔ بو علی سینا 4۔ ارسطاطالیس (ارسطو)۔



Scanned with CamScanner

11۔ تصدیق تصوراتِ اطراف اور حکم کے مجموعہ کا نام ہے ____ کے نزدیک۔

1۔ حکماء 2۔ امام رازی 3۔ بو علی سینا 4۔ ارسطاطالیس

12۔ جب آپ نے زید "قائم" کہا اور زید کے کھڑے ہونے کا یقین کر لیا تو آپ کو ____ علوم حاصل ہونگے۔

1۔ پانچ 2۔ چار 3۔ دس 4۔ تین

13۔ معنی رابطی کو ____ زبان میں "ہست" اور "نیست" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

1۔ اردو 2۔ سندھی 3۔ فارسی 4۔ پشتو۔

14۔ معنی رابطی کو ____ زبان میں "ہے" اور "نہیں" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

1۔ اردو (ہندی) 2۔ سندھی 3۔ فارسی 4۔ پشتو۔

15۔ کبھی مرتبہ ____ کو "حکم" اور "نسبتِ حکمیہ" کہہ دیا جاتا ہے۔

1۔ تصدیق 2۔ تصور 3۔ معنی رابطی 4۔ موضوع۔

16۔ محکوم علیہ اور محکوم بہ کا تصور اور نسبت حکمیہ کا ادراک ____ کہلاتا ہے۔

1۔ ادراکاتِ ثلاثہ (تصوراتِ ثلاثہ) 2۔ موضوع 3۔ محمول 4۔ معنی رابطی۔

17۔ تصور کی ____ قسمیں ہیں

1۔ دو 2۔ تین 3۔ سات 4۔ دس

18۔ "ہمارا حرارت اور ٹھنڈ کو محسوس کرنا" یہ مثال ہے

1۔ تصورِ بدیہی کی 2۔ تصورِ نظری کی 3۔ تصدیقِ بدیہی کی 4۔ تصدیقِ نظری کی

19۔ وہ تصور جو بغیر نظر و کسب کے حاصل ہو وہ ____ کہلاتا ہے

1۔ بدیہی 2۔ نظری 3۔ کسبی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

20۔ تصورِ بدیہی کو ____ بھی کہا جاتا ہے۔

1۔ ضروری 2۔ نظری 3۔ کسبی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔



Hijazi

Scanned with CamScanner

Date ______

21. وہ تصور جس کے حصول میں نظر و فکر کی حاجت ہو وہ ______ کہلاتا ہے۔
(1) نظری 2۔ ضروری 3۔ بدیہی 4۔ کچھ نہیں۔

22. "ہمارا جنات و ملائکۃ کا تصور کرنا" یہ مثال ہے
1۔ تصور بدیہی کی (2) تصورِ نظری کی 3۔ تصدیق بدیہی کی 4۔ تصدیقِ نظری کی

23. تصورِ نظری کو ______ بھی کہتے ہیں۔
1۔ بدیہی (2)۔ کسبی 3۔ ضروری 4۔ کچھ نہیں

24. تصدیق کی ______ قسمیں ہیں۔
(1)۔ دو 2۔ پانچ 3۔ آٹھ 4۔ دس

25. جو تصدیق بغیر فکر و کسب کے حاصل ہو وہ ______ کہلاتا ہے۔
1۔ کسبی (2)۔ بدیہی 3۔ نظری 4۔ ان میں سے کچھ نہیں۔

26. جس تصدیق میں فکر و کسب کی حاجت ہو وہ ______ کہلاتا ہے۔
1۔ بدیہی 2۔ ضروری (3)۔ نظری 4۔ ان میں سے کچھ نہیں

27. "کل جزء سے بڑا ہے" یہ مثال ہے
(1)۔ تصدیقِ بدیہی کی 2۔ تصدیقِ نظری کی 3۔ تصور کی 4۔ ان میں سے کچھ نہیں

28. "عالم حادث ہے" یہ مثال ہے۔
1۔ تصدیقِ بدیہی کی (2)۔ تصدیقِ نظری کی 3۔ تصور کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

29. "دو چار کا نصف ہے" یہ مثال ہے
(1)۔ تصدیق بدیہی کی 2۔ تصدیقِ نظری کی 3۔ تصور کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

30. "بنانے والا موجود ہے" یہ مثال ہے
1۔ تصدیق بدیہی کی (2)۔ تصدیقِ نظری کی 3۔ تصور کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں



Scanned with CamScanner

Date 5-FEB-2023

31_ نظریات مطلقاً تصوری ہو یا تصدیقی ہو ـــــ کی حاجت ہوتی ہے

1_ فکر و علم 2_ نظر و کسب 3_ فکر و کسب (4)_ نظر و فکر۔

32_ مناطقہ کی اصطلاح میں ـــــ امور معلومہ کو ترتیب دینے سے عبارت ہے تاکہ وہ ترتیب مجہول کی تحصیل تک پہنچا دے۔

1_ کسب 2_ فکر (3)_ نظر 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

33_ فطرت انسانی درستگی سے خطا کو ممتاز کرنے میں ـــــ ہے

(1)_ ناکافی 2_ کافی 3_ محتاج 4_ ان میں سے کچھ نہیں

34_ معلومات سے مجہولات کے حصول کے طریقوں کو بیان کیا جاتا ہے

1_ علمِ فقہ میں (2)_ علمِ منطق میں 3_ علمِ نحو میں 4_ علمِ کلام میں

35_ نطق ظاہری سے مراد ـــــ ہے

(1)_ تکلم 2_ خطاب 3_ بیان 4_ ادراک

36_ نطق باطنی سے مراد ـــــ ہے

1_ اذعان 2_ تکلم (3)_ ادراک 4_ خطاب

37_ علمِ منطق کو میزان کہا جاتا ہے کیونکہ یہ عقل کے لئے ـــــ ہے

1_ آلہ (2)_ ترازو 3_ مفید 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

38_ علمِ منطق سے ـــــ ناپی جاتی ہیں

1_ عقلیں 2_ غلط فکریں (3)_ صحیح فکریں 4_ مطلقاً فکریں۔

39_ فاسد فکروں میں نقصان کو ـــــ علم سے پہچانا جاتا ہے

(1)_ علمِ منطق سے 2_ علمِ فقہ سے 3_ علم الکلام سے 4_ علمِ حدیث سے

40_ فاسد نظروں میں اختلال کو ـــــ علم سے پہچانا جاتا ہے۔

(1)_ علمِ منطق سے 2_ علمِ فقہ سے 3_ علمِ بلاغۃ سے 4_ علمِ حدیث سے۔



Ijazi

Scanned with CamScanner

Date: 5-FEB-2023

41- علمِ منطق کو تمام علوم کے لئے آلہ ہونے کی وجہ سے ــــــ کہتے ہیں
1- علمِ منطق 2- علمِ میزان (3) علمِ آلی 4- اِن میں سے کوئی نہیں۔

42- علمِ منطق بالخصوص ــــــ کے لئے آلہ ہے۔
1- علومِ فقہ (2) علومِ حکمۃ 3- علومِ حدیث 4- علومِ تفسیر

43- علمِ منطق کو ــــــ نے مدون کیا۔
1- افلاطون فلسفی (2) ارسطاطالیس فلسفی 3- سکندر رومی 4- ہارون رشید

44- علمِ منطق کو ــــــ کے حکم کی وجہ سے مدوّن کیا گیا۔
1- ہرکل رومی 2- اَزدشیر فارسی (3) سکندر رومی 4- قسطنطین رومی

45- علمِ منطق کا معلمِ اوّل ــــــ ہے۔
(1) ارسطاطالیس فلسفی 2- سکندر رومی 3- داریوس یونانی 4- فارابی

46- مسلمانوں میں اِس علم کو ــــــ نے آگے چلایا
(1) فارابی 2- امام غزالی 3- امام رازی 4- اِن میں سے کوئی نہیں

47- علمِ منطق کا معلمِ ثانی ــــــ ہے
(1) فارابی 2- امام غزالی 3- امام رازی 4- اِن میں سے کوئی نہیں

48- فارابی کی کتب ضائع ہونے کے بعد علمِ منطق کو ــــــ نے تفصیل سے بیان کیا
1- فضلِ امام خیرآبادی (2) بو علی سینا 3- امام غزالی 4- امام رازی

49- "ایسے قوانین کا علم جن کی رعایت ذہن کو فکر میں غلطی سے بچاتی ہے" یہ تعریف ہے
1- علمِ نحو کی 2- علمِ فقہ کی (3) علمِ منطق کی 4- علمِ عقائد کی

50- ہر علم کا موضوع وہ ہوتا ہے جس میں اُس کے ــــــ سے بحث کی جاتی ہے۔
1- عوارض غیر ذاتیہ 2- عوارضات (3) عوارض ذاتیہ 4- اِن میں سے کوئی نہیں

51- علمِ طب کا موضوع ــــــ ہے
1- کلمہ اور کلام (2) بدنِ انسان 3- صیغہ 4- اِن میں سے کوئی نہیں

Product of BAREENA



Scanned with CamScanner

Date:

52۔ کلمہ اور کلام ـــــ کا موضوع ہے
۱۔ علم صرف کا 2۔ علم منطق کا 3۔ علم فقہ کا (4) ان میں سے کوئی نہیں۔

53۔ "وہ معلومات تصوری اور تصدیقی جو مجہول تصوری اور تصدیقی تک پہنچا دے" یہ موضوع ہے
۱۔ علم طب کا 2۔ علم نحو کا 3۔ علم فقہ کا (4) علم منطق کا

54۔ اگر کسی علم کی غرض و غایۃ نہ ہو تو اس کا سیکھنا ـــــ ہے۔
۱۔ فائدہ مند (2) بے فائدہ و لغو 3۔ مباح 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

55۔ فکر میں درستگی اور نظر میں خطا سے رائے کی حفاظت یہ غرض ہے
۱۔ فقہ کی 2۔ حدیث کی (3) منطق کی 4۔ تفسیر کی۔

56۔ معانی کی بحث کا افادہ اور استفادہ ـــــ پر موقوف ہے
(۱) الفاظ کی بحث 2۔ علم کی بحث 3۔ تصور و تصدیق کی بحث 4۔ قضیہ کی بحث

57۔ دلالت کا لغوی معنیٰ ـــــ ہے
(۱) ارشاد 2۔ رضا 3۔ استرشاد 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

58۔ کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کو جاننے سے دوسری چیز کا جاننا لازم آئے یہ تعریف ہے
۱۔ وضع کی (2) دلالت کی 2۔ علم کی 4۔ قضیہ کی

59۔ دلالت کی ـــــ قسمیں ہیں
(۱) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

60۔ وہ دلالت جس میں دال لفظ ہو اسے ـــــ کہتے ہیں
۱۔ دلالتِ طبعیہ (2) دلالتِ لفظیہ 3۔ دلالتِ غیر لفظیہ 4۔ دلالتِ وضعیہ

61۔ جس دلالت میں دال لفظ نہ ہو اسے ـــــ کہتے ہیں
۱۔ دلالت طبعیہ 2۔ دلالت لفظیہ (3) دلالتِ غیر لفظیہ 4۔ دلالت وضعیہ

62۔ دلالت لفظیہ اور عقلیہ میں سے ہر ایک کی ـــــ قسمیں ہیں۔
۱۔ دو دو 2۔ چار چار (3) تین تین 4۔ ان میں سے کوئی نہیں



Product of RAFEENA
Scanned with CamScanner

63_ "لفظ زید کی دلالت ذاتِ زید پر" یہ مثال ہے

(1) دلالتِ لفظیہ وضعیہ کی 2_ دلالتِ لفظیہ طبعیہ کی 3_ دلالتِ لفظیہ عقلیہ کی 4_ کچھ نہیں

64_ "لفظ اُح اُح کی دلالت سینے کے درد پر" یہ مثال ہے

1_ دلالتِ لفظیہ وضعیہ کی (2) دلالتِ لفظیہ طبعیہ کی 3_ دلالتِ لفظیہ عقلیہ کی 4_ کچھ نہیں

65_ "اس لفظ دیز کی دلالت لافظ کے وجود پر جو دیوار کے پیچھے سے سنا جائے" یہ مثال ہے

1_ دلالتِ لفظیہ وضعیہ کی 2_ دلالتِ لفظیہ طبعیہ کی (3) دلالتِ لفظیہ عقلیہ کی 4_ کچھ نہیں

66_ "دوال اربعہ کی اپنے مدلول پر دلالت" یہ مثال ہے

(1) دلالتِ غیر لفظیہ وضعیہ کی 2_ دلالتِ غیر لفظیہ طبعیہ کی 3_ دلالتِ غیر لفظیہ عقلیہ کی 4_ کوئی نہیں

67_ "گھوڑے کے ہنہنانے کی دلالت پانی اور گھاس کی طلب پر" یہ مثال ہے

1_ دلالتِ غیر لفظیہ وضعیہ کی (2) دلالتِ غیر لفظیہ طبعیہ کی 3_ دلالتِ غیر لفظیہ عقلیہ کی 4_ کوئی نہیں

68_ "دھوئیں کی دلالت آگ پر" یہ مثال ہے

1_ دلالتِ غیر لفظیہ وضعیہ کی 2_ دلالتِ غیر لفظیہ طبعیہ کی (3) دلالتِ غیر لفظیہ عقلیہ کی 4_ کوئی نہیں

69_ 6 دلالتوں میں سے منطقی صرف ___ سے بحث کرتا ہے۔

(1) دلالتِ لفظیہ وضعیہ 2_ دلالتِ غیر لفظیہ وضعیہ 3_ دلالتِ لفظیہ عقلیہ 4_ کچھ نہیں

70_ 6 دلالتوں میں سے افادہ اور استفادہ میں آسانی ___ میں ہے

(1) دلالتِ لفظیہ وضعیہ 2_ دلالتِ غیر لفظیہ وضعیہ 3_ دلالتِ لفظیہ عقلیہ 4_ کچھ نہیں

71_ دلالت وضعیہ لفظیہ کے علاوہ سے افادہ اور استفادہ ___ سے خالی نہیں۔

1_ آسانی 2_ فائدہ (3) صعوبت (دشواری) 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

72_ دلالتِ لفظیہ وضعیہ کی ___ قسمیں ہیں

1_ پانچ (2) تین 3_ چھ 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

73_ "وہ دلالتِ لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ اپنے پورے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے" یہ تعریف ہے

(1) دلالتِ مطابقیہ کی 2_ دلالتِ تضمنیہ کی 3_ دلالتِ التزامیہ کی 4_ دلالت کی۔



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date: 5-FEB-2023

74_ "انسان کی دلالت حیوان اور ناطق کے مجموعہ پر" یہ مثال ہے
(1)۔ دلالتِ مطابقی کی 2۔ دلالتِ تضمنی کی 3۔ دلالتِ التزامی کی 4۔ کل کی

75_ "وہ دلالتِ لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ اپنے معنی موضوع لہ کے جزء پر دلالت کرے" یہ تعریف ہے
1۔ دلالتِ مطابقی کی (2)۔ دلالتِ تضمنی کی 3۔ دلالتِ التزامی کی 4۔ جزء کی

76_ "انسان کی دلالت صرف حیوان پر" یہ مثال ہے
1۔ دلالتِ مطابقی کی (2)۔ دلالتِ تضمنی کی 3۔ دلالتِ التزامی کی 4۔ جزء کی

77_ وہ دلالت لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ نہ پورے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے نہ معنی موضوع لہ کے جزء پر دلالت کرے بلکہ معنی موضوع لہ کے لازم خارج معنی پر دلالت کرے وہ ـــــ کہلاتا ہے۔
1۔ دلالتِ مطابقی 2۔ دلالتِ تضمنی (3)۔ دلالتِ التزامی 4۔ لازم

78_ وہ جو ذہن کو موضوع لہ سے اپنی طرف منتقل کرے اُسے ـــــ کہتے ہیں
1۔ دلالتِ مطابقی 2۔ دلالتِ تضمنی 3۔ دلالتِ التزامی (4)۔ لازم

79_ "انسان کی دلالت علم قبول کرنے والے پر اور کتابت کے ہنر پر" یہ مثال ہے
1۔ دلالتِ مطابقی کی 2۔ دلالتِ تضمنی کی (3)۔ لازم کی 4۔ دلالت کی

80_ "لفظ عمی کی دلالت بصر پر" یہ مثال ہے
1۔ دلالتِ مطابقی کی 2۔ دلالتِ تضمنی کی (3)۔ لازم 4۔ دلالت کی

81_ دلالتِ مطابقیہ کے بغیر ـــــ نہیں پائی جاسکتی
1۔ التزامیہ 2۔ تضمنیہ (3)۔ التزامیہ اور تضمنیہ دونوں 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

82_ جزء کل کے بغیر اور لازم ملزوم کے بغیر ـــــ ہو سکتا ہے۔
1۔ متصور 2۔ متصدق (3)۔ متصور نہیں (ہوسکتا) 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

83_ تابع متبوع کے بغیر ـــــ ہے۔
1۔ ناقص 2۔ پایا جاسکتا (3)۔ نہیں پایا جاسکتا 4۔ کامل



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

84۔ دلالتِ مطابقی ــــ کے بغیر پائی جاسکتی ہے۔
1۔ دلالتِ تضمنی 2۔ دلالت التزامی (3) دلالتِ تضمنی و التزامی 4۔ کچھ نہیں۔

85۔ موضوع لفظِ دال ــــ ہوتا ہے۔
1۔ مفرد 2۔ مرکب (3) مفرد یا مرکب 4۔ قضیہ۔

86۔ وہ لفظ جس کے جزء سے اس کے معنی مرادی کے جزء پر دلالت کا قصد نہ کیا جائے وہ ــــ کہلاتا
(1) مفرد 2 مرکب 3۔ قضیہ 4۔ نوع۔

87۔ ہمزۂ استفہام کی دلالت اس کے معنی پر، زید کی دلالت ذاتِ زید پر اور عبداللہ کی دلالت معنی علمی پر" یہ سب امثلہ ہیں
1۔ مفرد 2۔ مرکب 3۔ قضیہ 4۔ نوع۔

88۔ وہ لفظ جس کے جزء سے اس کے معنی مرادی کے جزء پر دلالت کا قصد کیا جائے وہ ــــ کہلاتا ہے
1۔ مفرد (2) مرکب 3۔ قضیہ 4۔ نوع۔

89۔ "زیدٌ قائمٌ کی دلالت اس کے معنی پر اور تیر پھینکنے والی کی دلالت نشانے پر" یہ امثلہ ہیں
1۔ مفرد (2) مرکب 3۔ قضیہ 4۔ نوع۔

90۔ مفرد کے معنی کے مستقل بالمفہوم ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے ــــ قسمیں ہیں۔
1۔ دو (2) تین 3۔ چار 4۔ پانچ

91۔ مفرد لفظ کا معنی اگر مستقل بالمفہوم ہو اور 3 زمانوں میں سے کسی زمانے سے مقترن نہ ہو تو یہ ــــ کہلاتا ہے۔
(1) اسم 2۔ فعل 3۔ کلمۃ 4۔ أداۃ

92۔ مفرد لفظ کا معنی اگر مستقل بالمفہوم ہو اور 3 زمانوں میں سے کسی زمانے سے مقترن بھی ہو تو یہ ــــ کہلاتا ہے
1۔ اسم 2۔ فعل (3) کلمۃ 4۔ أداۃ

93۔ مفرد لفظ کا معنی اگر مستقل بالمفہوم نہ ہو تو وہ منطقیوں کی اصطلاح میں ــــ ہے
1۔ اسم 2۔ فعل 3۔ کلمہ (4) أداۃ


Product of BAREENA
Scanned with CamScanner

Date:

94_ "أداة" کو نحویوں کی اصطلاح میں ــــ کہتے ہیں
۱_ کلمۃ ②_ حرف 3_ فعل ۴_ اسم ۔

95_ "کلمۃ منطقی وہی ہے جس کو علم نحو میں فعل کہا جاتا ہے" اس گمان کی کیا حیثیت ہے
۱_ درست ہے ②_ درست نہیں ہے 3_ اشکال ہے ۴_ ان میں سے کوئی نہیں۔

96_ فعل نحوی کلمۃ منطقی سے ــــ ہے
۱_ زیادہ خاص ②_ زیادہ عام 3_ عام ۴_ خاص ۔

97_ نحویوں کے نزدیک "أضرب اور نضرب" ــــ کی مثال ہے
①_ فعل 2_ اسم 3_ حرف ۴_ ان میں سے کوئی نہیں ۔

98_ أضرب اور نضرب منطقیوں کے نزدیک ــــ نہیں
۱_ فعل 2_ اسم ③_ کلمۃ ④_ ان میں سے کوئی نہیں۔

99_ کلمۃ منطقی ــــ کی قسموں میں سے ہے ۔
①_ مفرد 2_ مرکب 3_ تصور ۴_ علم

100_ أضرب کا ہمزۃ ــــ پر دلالت کر رہا ہے
①_ متکلم 2_ خطاب 3_ غائب ۴_ ان میں سے کوئی نہیں ۔

101_ أضرب کے ض ر ب ــــ پر دلالت کر رہے ہیں
①_ حدث 2_ غائب 3_ متکلم ۴_ استمرار

102_ معنیٰ کی وحدت و کثرت کے اعتبار سے لفظ مفرد کی ــــ قسمیں ہیں
①_ دو 2_ تین 3_ چار ۴_ ان میں سے کوئی نہیں۔

103_ متحد المعنیٰ لفظ کی ــــ قسمیں ہیں ۔
۱_ دو ②_ تین 3_ چار ۴_ ان میں سے کوئی نہیں ۔

104_ "زید، مجذا، ھو" یہ امثلہ ہیں
①_ علَم کی 2_ متواطی کی 3_ مشکک کی ۴_ ان میں سے کوئی نہیں


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

105_ علم کو ــــــ ہو لہذا زیادہ بہتر ہے۔
(1) جزئی حقیقی 2۔ جزئی اضافی 3۔ جزئی ناقصی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

106_ "وہ لفظ مفرد جس کا معنی کسی ایک کو خاص نہ ہو بلکہ وہ کثیر افراد پر برابر برابر صادق آئے" یہ تعریف ہے
1۔ علم کی (2) متواطی کی 3۔ مشکک کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

107_ وہ لفظ مفرد جس کا معنی کسی ایک کو خاص نہ ہو بلکہ وہ بہت سارے افراد پر ایسے صادق آئے کہ بعض پر اشد، بعض پر اضعف ہو اور بعض پر پہلے، بعض پر بعد میں ہو اُسے ــــ کہتے ہیں
1۔ علم 2۔ متواطی (3)۔ مشکک 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

108 متکثر المعنیٰ لفظ کی ــــ قسمیں ہیں۔
1۔ دو (2)۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ۔

109_ "وہ لفظ مفرد جس کے کثیر معنی ہوں اور واضع نے اُس لفظ کو متعدد وضع کے ساتھ ابتداءً ہر معنی کے لئے علیحدہ طور پر وضع کیا ہو" یہ تعریف ہے۔
(1)۔ مشترک کی 2۔ منقول کی 3۔ حقیقت کی 4۔ مجاز کی

110_ لفظ "عین" کے مرقاۃ میں کتنے معانی بیان ہوئے
1۔ دو (2)۔ تین 3۔ چار 4۔ پانچ

111_ وہ لفظ مفرد جس کو ابتداءً ایک معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو پھر اُس کا استعمال کسی دوسرے معنی میں ہونے لگے تو اگر وہ مفرد لفظ دوسرے معنی میں مشہور ہو جائے اور پہلے کو ترک کر دیا جائے تو اسے ــــ کہتے ہیں۔
1۔ مشترک (2) منقول 3۔ حقیقت 4۔ مجاز۔

112_ وہ لفظ مفرد جس کو ابتداءً ایک معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو پھر اُس کا استعمال کسی دوسرے معنی میں ہونے لگے اور وہ لفظ مفرد دوسرے معنی میں مشہور نہ ہوا اور نہ ہی پہلے معنی کو ترک کیا گیا بلکہ وہ کبھی پہلے معنی میں اور کبھی دوسرے معنی میں استعمال ہو تو اُس لفظ مفرد کو ــــ کہیں گے پہلے میں نسبت کے اعتبار سے۔
1۔ مشترک 2۔ منقول (3)۔ حقیقت 4۔ مجاز



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

113_ وہ لفظ مفرد جس کو ابتداءً ایک معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو پھر اس کا استعمال کسی دوسرے معنی میں ہونے لگے اور وہ مفرد لفظ دوسرے معنی میں مشہور بھی نہ ہوا ہو اور نہ ہی پہلے معنی کو ترک کیا گیا ہو بلکہ وہ کبھی پہلے اور کبھی دوسرے معنی میں استعمال ہوتا ہو تو اسے ــــ کہیں گے دوسرے معنی کی طرف نسبت کے اعتبار سے۔

1_مشترک 2_منقول 3_حقیقت (4) مجاز

114_ حیوان مفترس کی طرف جب اسدٌ کی نسبت کی جائے تو یہ ــــ ہو گا۔

1_مشترک 2_منقول (3)_حقیقت 4_مجاز

115_ اسد کی نسبت جب بہادر آدمی کی طرف کی جائے تو یہ ــــ ہو گا۔

1_مشترک 2_منقول 3_حقیقت (4)_مجاز

116_ منقول کی ــــ قسمیں ہیں۔

1_دو (2)_تین 3_چار 4_پانچ

117_ وہ منقول جس کے ناقل عرفِ عام ہوں وہ ــــ کہلاتا ہے

1_منقول شرعی (2)_منقول عرفی 3_منقول اصطلاحی 4_ان میں سے کوئی نہیں

118_ وہ منقول جس کے ناقل اربابِ شرع ہوں وہ ــــ کہلاتا ہے

(1)منقول شرعی 2_منقول عرفی 3_منقول اصطلاحی 4_ان میں سے کوئی نہیں۔

119_ وہ منقول جس کو نقل کرنے والے مخصوص گروہ اور عرفِ عام ہوں وہ ــــ کہلاتا ہے۔

1_منقول شرعی 2_منقول عرفی (3)منقول اصطلاحی 4_ان میں سے کوئی نہیں۔

120_ لفظ دابۃ اصل میں ــــ کے لئے وضع کیا گیا تھا۔

1_گائیں 2_اونٹ (3)_زمین پر رینگنے والے جانور 4_بکرے۔

121_ لفظ دابۃ کو ــــ نے گھوڑے اور چوپائے کے لئے نقل کیا

1_خاص لوگوں (2)_عام لوگوں 3_مخصوص گروہ 4_ان میں سے کوئی نہیں۔

122_ لفظ "صلاۃ" اصل میں ــــ کے لئے تھا۔

(1)_دعا 2_درود 3_نماز 4_استغفار۔



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

123_ اگر لفظ متعدد ہوں اور ان کا معنی ایک ہوں تو انہیں ــــ کہتے ہیں۔
(1_) مرادف 2_ حقیقت 3_ مجاز 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

124_ لفظ صلاۃ کو ــــ نے ارکان مخصوصہ کی جانب نقل کیا۔
1_ خاص لوگوں نے (2_) اربابِ شرع نے 3_ نحویوں نے 4_ عام لوگوں نے

125_ اسم کا لغوی معنی ــــ ہے
1_ چھپکنا 2_ راہنمائی کرنا (3_) بلندی 4_ ان میں سے کوئی نہیں

126_ لفظ اسم کو ــــ نے ایسے کلمہ کی طرف نقل کیا جو دلالت میں مستقل بالمفہوم ہو اور 3 زمانوں میں سے کسی زمانے سے مقترن نہ ہو۔
1_ خاص لوگوں نے 2_ اربابِ شرع نے (3_) نحویوں نے 4_ ان میں سے کوئی نہیں۔

127_ لفظ مرکب کی ــــ قسمیں ہیں۔
(1_) دو 2_ چار 3_ چھ 4_ آٹھ

128_ جس پر سکوت درست ہو اسے ــــ کہتے ہیں۔
(1_) مرکب تام 2_ مرکب اضافی 3_ مرکب ناقص 4_ مرکب تقییدی

130_ جس پر سکوت درست نہ ہو اسے ــــ کہتے ہیں
1_ مرکب تام 2_ مرکب اضافی (3_) مرکب ناقص 4_ مرکب تقییدی

130_ مرکب تام کی ــــ قسمیں ہیں
(1_) دو 2_ چار 3_ چھ 4_ آٹھ

131_ وہ جس سے حکایۃ کا قصد کیا جائے اور وہ سچ اور جھوٹ کا احتمال رکھے وہ ــــ ہے
(1_) خبر (قضیہ) 2_ انشاء 3_ مرکب اضافی 4_ ان میں سے کوئی نہیں

132_ "اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا" یہ مثال ہے ــــ کی
(1_) خبر (قضیہ) 2_ انشاء 3_ مرکب اضافی 4_ مرکب تقییدی


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

133_ انشاء کی ___ قسمیں ہیں
ا۔ دو  2۔ چار  (3) چھ  4۔ آٹھ۔

134_ مرکب ناقص کی ___ قسمیں ہیں۔
(1) دو  2۔ تین  3۔ چار  4۔ پانچ

135_ جو ذہن میں آئے اُسے ___ کہتے ہیں
ا۔ کلی  2۔ جزئی  (3) مفہوم  4۔ لاشئی

136_ مفہوم کی ___ قسمیں ہیں۔
(1) دو  2۔ تین  3۔ چار  4۔ پانچ۔

137_ وہ جس کا نفسِ تصور اُس کو کثیرین پر صادق آنے سے نہ روکے ___ کہلاتا ہے
(1) کلی  2۔ جزئی  3۔ کل  4۔ جزء

138_ وہ جس کا نفسِ تصور اُس کو کثیرین پر صدق آنے سے روکے اُسے ___ کہتے ہیں
ا۔ کلی  (2) جزئی  3۔ کل  4۔ جزء

139_ عقل جس کی کثرت کو تصور کی حیثیت سے درست قرار دے اُسے ___ کہتے ہیں
(1) کلی  2۔ جزئی  3۔ کل  4۔ جزء

140_ عقل جس کی کثرت کو تصور کی حیثیت سے درست قرار نہ دے اُسے ___ کہتے ہیں
ا۔ کلی  (2) جزئی  3۔ کل  4۔ جزء

141_ کلی کے افراد خارج میں پائے جانے یا نہ پائے جانے کے اعتبار سے کلی کی ___(1) قسمیں ہیں
ا۔ دو  (2) چار  3۔ آٹھ  4۔ دس

142_ کواکب سیارہ ___ ہیں
ا۔ تین  2۔ پانچ  (3) سات  4 گیارہ

143_ دو کلیوں کے درمیان نسبت ___ قسموں پر منحصر ہوتی ہے
ا۔ دو  (2) چار  3۔ چھ  4۔ آٹھ۔


(1) یہ صرف ماتن کے مصنف کے نزدیک ہے۔

Product of
Scanned with CamScanner

Date:

144. وہ نسبت جو ایسی کلیوں کے درمیان پائی جائے کہ اُن میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے ہر ہر فرد پر صادق آئے تو یہ نسبت ـــــ کہلاتی ہے۔

(1) تساوی 2۔ تباین 3۔ عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

145. وہ نسبت جو ایسی کلیوں کے درمیان پائی جائے کہ اُن میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے کسی بھی فرد پر صادق نہ آئے تو یہ نسبت ـــــ کہلاتی ہے۔

1۔ تساوی (2) تباین 3۔ عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

146. وہ نسبت جو ایسی کلیوں کے درمیان پائی جائے کہ اُن میں سے ایک تو دوسری کے ہر فرد پر صادق آئے مگر دوسری پہلی کے ہر فرد پر نہیں بلکہ بعض فرد پر صادق آئے تو یہ نسبت ـــــ ہوگی۔

1۔ تساوی 2۔ تباین (3) عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

147. وہ نسبت جو ایسی کلیوں کے درمیان پائی جائے کہ اُن میں سے ہر ایک دوسری کلی کے بعض افراد پر صادق آئے تو یہ نسبت ـــــ ہوگی۔

1۔ تساوی 2۔ تباین 3۔ عموم خصوص مطلق (4) عموم خصوص من وجہ

148. "انسان و ناطق کل انسان ناطق کل ناطق انسان" یہ مثال ہے۔

(1) تساوی 2۔ تباین 3۔ عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

149. "حیوان و انسان کل انسان حیوان ولا یصدق الانسان علی کل ما یصدق علیہ الحیوان" یہ مثال ہے

1۔ تساوی 2۔ تباین (3) عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

150. "انسان و فرس" کے درمیان کونسی نسبت ہے

1۔ تساوی (2) تباین 3۔ عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

151. "حیوان و ابیض" کے درمیان کونسی نسبت ہے

1۔ تساوی 2۔ تباین 3۔ عموم خصوص مطلق (4) عموم خصوص من وجہ

152. انسان حیوان کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے ـــــ ہے۔ (جزئی کی ایک تعریف کے تحت)

1۔ کلی (2) جزئی 3۔ کل 4۔ جزء


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

153۔ حیوان جسم نامی کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے ــــــ ہے

(1) جزئی 2۔ کلی 3۔ جزء 4۔ کل

154۔ جسم نامی جسم مطلق کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے ــــــ ہے

(1) جزئی 2۔ کلی 3۔ جزء 4۔ کل

155۔ جسم مطلق جوہر کے تحت داخل ہونے کی وجہ سے ــــــ ہے

(1) جزئی 2۔ کلی 3۔ جزء 4۔ کل

156۔ جزئی حقیقی اور جزئی اضافی کے درمیان نسبت ــــــ ہے

1۔ تساوی 2۔ تباین (3) عموم خصوص مطلق 4۔ عموم خصوص من وجہ

157۔ "وہ کلی جو کثیرین مختلفین بالحقائق پر ماھو کے جواب میں بولی جائے" یہ تعریف ہے

(1) جنس 2۔ نوع 3۔ فصل 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

158۔ "وہ کلی جو کثیرین متفقین بالحقائق پر ماھو کے جواب میں بولی جائے" یہ تعریف ہے۔

1۔ جنس (2) نوع 3۔ فصل 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

159۔ "وہ ماہیت اگر اس کو کسی دوسری ماہیت کے ساتھ ملا کر ماھو کے ذریعے سوال کیا جائے تو جواب میں جنس آئے" یہ تعریف ہے۔

1۔ جنس سافل 2۔ نوعِ حقیقی (3) نوعِ اضافی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

160۔ نوع حقیقی اور نوع اضافی کے درمیان نسبت ــــــ ہے

1۔ تساوی 2۔ تباین 3۔ عموم خصوص مطلق (4) عموم خصوص من وجہ

161۔ ترتیب کے اعتبار سے جنس کی ــــــ قسمیں ہیں (عند صاحب المرقاۃ)

1۔ دو (2) تین 3۔ چھ 4۔ آٹھ

162۔ "وہ جنس جس کے اوپر کوئی جنس نہ ہو لیکن اس کے نیچے جنس پائی جاتی ہو" یہ تعریف ہے

1۔ جنس سافل کی (2) جنس عالی کی 3۔ جنس متوسط کی 4۔ جنس مفرد کی



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

163۔ وہ جنس کے اوپر اور نیچے جنس ہو وہ ــــ کہلاتی ہے۔
1۔ جنس عالی 2۔ جنس سافل (3) جنس متوسط 4۔ نوع عالی

164۔ وہ جنس کے اوپر کوئی جنس نہ ہو لیکن اس کے نیچے جنس پائی جائے وہ ــــ کہلاتی ہے
(1) جنس عالی 2۔ جنس سافل 3۔ جنس متوسط 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

165۔ جنس الاجناس ــــ کو کہتے ہیں
(1) جنس عالی 2۔ جنس سافل 3۔ جنس متوسط 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

166۔ اجناس عالی ــــ ہیں
1۔ دو 2۔ چار 3۔ آٹھ (4) دس

167۔ "وہ موجود جو موضوع (محل) میں نہ ہو بلکہ قائم بنفسہ ہو" یہ تعریف ہے
(1) جوہر کی 2۔ مقولات عرضیہ کی 3۔ عرض کی 4۔ أین کی

168۔ "وہ موجود جو موضوع (محل) میں ہو" یہ تعریف ہے۔
1۔ جوہر کی 2۔ مقولات عرضیہ کی (3) عرض کی 4۔ أین کی

169۔ مقولات عرضیہ ــــ ہیں
1۔ تین 2۔ پانچ 3۔ سات (4) نو

170۔ "مردے دراز نیلو دیدم بشہر امروز باخواستہ نشستہ از خویش کرد فیروز" اس شعر میں ــــ جمع کئے گئے ہیں۔
1۔ مقولات عرضیہ 2۔ جوہر و عرض (3) 10 اجناس عالیہ 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

171۔ ترتیب کے اعتبار سے نوع کی ــــ قسمیں ہیں (مرقاۃ)
1۔ دو (2) تین 3۔ پانچ 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

172۔ "وہ جنس کے نیچے نوع پائی جائے لیکن اس کے اوپر نوع نہ ہو" یہ تعریف ہے
(1) نوع عالی 2۔ نوع سافل 3۔ نوع متوسط 4۔ ان میں سے کوئی نہیں


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

173. وہ جنس کے اوپر اور نیچے نوع ہو وہ ـــــ کہلاتی ہے
1۔ نوع عالی (2) نوع متوسط 3۔ نوع سافل 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

174. وہ جنس کے تحت نوع نہ ہو لیکن اُس کے اوپر نوع ہو وہ ـــــ کہلاتی ہے۔
1۔ نوع عالی 2۔ نوع متوسط (3) نوع سافل 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

175. "نوع الانواع" ـــــ کو کہتے ہیں
1۔ نوع عالی 2۔ نوع متوسط (3) نوع سافل 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

176. "وہ کلی جو ای شئ کو فی ذاتہ کے جواب میں کسی شئ پر بولی جائے" یہ تعریف ہے
1۔ جنس کی 2۔ نوع کی (3) فصل کی 4۔ خاصہ کی

177. "جب سوال کیا جائے کہ انسان اپنے ذات کے اعتبار سے کیا ہے تو جواب دیا جائے گا وہ ناطق ہے" یہ مثال ہے
1۔ جنس کی 2۔ نوع کی (3) فصل کی 4۔ خاصہ کی

178. فصل کی ـــــ قسمیں ہیں (قرب و بعد کے اعتبار سے)
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ دس

179. "وہ فصل جو ماہیت کو جنس قریب کے مشارکات سے جدا کر دے" یہ تعریف ہے
(1) فصل قریب کی 2۔ فصل بعید کی 3۔ مقوم کی 4۔ مقسم کی

180. "وہ فصل جو ماہیت کو جنس بعید کے مشارکات سے جدا کر دے" یہ تعریف ہے
1۔ فصل قریب کی (2) فصل بعید کی 3۔ مقوم کی 4۔ مقسم کی

181. نسبت کے اعتبار سے فصل کی ـــــ قسمیں ہیں۔
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ دس

182. فصل کی نسبت جب نوع کی طرف ہو تو اُسے ـــــ کہتے ہیں
1۔ فصل قریب 2۔ فصل بعید (3) مقوم 4۔ مقسم

183. فصل کی نسبت جب جنس کی طرف ہو تو اُسے ـــــ کہتے ہیں
1۔ فصل قریب 2۔ فصل بعید 3۔ مقوم (4) مقسم


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

184. "وہ کلی جو افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور ایسے افراد پر بولی جائے جو حقیقتِ واحدہ کے تحت واقع ہوں" یہ تعریف ہے
1۔ جنس کی 2۔ فصل کی (3) خاصہ کی 4۔ عرض عام کی

185. "ضحک" انسان کے لئے ___ ہے
1۔ جنس (2) خاصہ 3۔ فصل 4۔ عرض عام

186. "وہ کلی جو افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور ایسے افراد پر بولی جائے جو حقیقتِ واحدہ کے تحت واقع ہوں اور ایسے افراد پر بھی بولی جائے جو جن کی حقیقتیں مختلف ہو" یہ تعریف ہے۔
1۔ جنس کی 2۔ خاصہ کی 3۔ فصل کی (4) عرض عام کی

187. "ماشی" انسان کے لئے ___ ہے
1۔ جنس 2۔ خاصہ 3۔ فصل (4) عرض عام

188. وہ کلی عرضی جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا ممکن ہو اُسے ___ کہتے ہیں
1۔ خاصہ 2۔ عرض لازم 3۔ عرض عام (4) عرض مفارق

189. وہ کلی جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا ممتنع ہو اُسے ___ کہتے ہیں.
1۔ خاصہ (2) عرض لازم 3۔ عرض عام 4۔ عرض مفارق

190. عرض لازم کی ___ قسمیں ہیں
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

191. عرض مفارق کی ___ قسمیں ہیں
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

192. "وہ مفہوم جو کسی شئے پر محمول ہو تاکہ اُس شئے کے تصور کا فائدہ دے" یہ تعریف ہے
1۔ معرَّف (2) معرِّف 3۔ قضیہ 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

193. معرف کی ___ قسمیں ہیں۔
1۔ دو (2) چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ


Product of BAREENA
Scanned with CamScanner

Date:______

194۔ تعریف اگر جنس قریب اور فصل قریب سے ہو تو اُسے ____ کہتے ہیں۔
1۔ رسم تام 2۔ رسم ناقص (3) حدِ تام 4۔ حدِ ناقص

195۔ "انسان کی "حیوان ناطق" کے ساتھ تعریف کرنا" یہ مثال ہے
1۔ رسم تام کی 2۔ رسم ناقص کی (3) حدِ تام کی 4۔ حدِ ناقص کی

196۔ تعریف اگر جنس بعید اور فصل قریب سے ہو یا صرف فصل قریب سے ہو تو اُسے ____ کہتے ہیں
1۔ رسم تام 2۔ رسم ناقص 3۔ حدِ تام (4) حدِ ناقص

197۔ "انسان کی جسم ناطق یا صرف ناطق کے ساتھ تعریف کرنا" یہ مثال ہے
1۔ رسم تام کی 2۔ رسم ناقص کی 3۔ حدِ تام کی (4) حدِ ناقص کی

198۔ تعریف اگر جنس قریب اور خاصہ سے ہو تو اُسے ____ کہیں گے۔
(1) رسم تام 2۔ رسم ناقص 3۔ حدِ تام 4۔ حدِ ناقص

199۔ "انسان کی تعریف حیوانِ ضاحک کے ساتھ کرنا" یہ مثال ہے
(1) رسم تام کی 2۔ رسم ناقص کی 3۔ حدِ تام کی 4۔ حدِ ناقص کی

200۔ تعریف اگر جنس بعید اور خاصہ سے ہو یا صرف خاصہ سے ہو تو اُسے ____ کہیں گے۔
1۔ رسم تام (2) رسم ناقص 3۔ حدِ تام 4۔ حدِ ناقص

201۔ "انسان کی تعریف جسم ضاحک یا صرف ضاحک کے ساتھ کرنا" یہ مثال ہے۔
1۔ رسم تام کی (2) رسم ناقص کی 3۔ حدِ تام کی 4۔ حدِ ناقص کی

202۔ لفظ مدلول کی تفسیر کا جس سے قصد کیا جائے اُسے ____ کہتے ہیں
1۔ تعریف حقیقی (2) تعریف لفظی 3۔ معرّف 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

203۔ عرض عام ____ کا فائدہ نہیں دیتی۔
1۔ خاصیت 2۔ عمومیت (3) تمییز 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

204۔ مرقاۃ میں قضیہ کی کتنی تعریفات بیان کی گئی؟
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ۔


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

205 وہ قول جو صدق و کذب کا احتمال رکھے اُسے ـــــ کہتے ہیں
1۔ معرّف (2) قضیہ 3۔ انشاء 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

206 "وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکے" یہ تعریف ہے
1۔ معرّف کی (2) قضیہ کی 3۔ انشاء کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

207 قضیہ کی ـــــ قسمیں ہیں
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

208 "وہ قضیہ جس میں ایک شئ کا دوسری شئ کے لئے ثبوت یا ایک شئ کی دوسری شئ سے نفی کی جاتی ہے" یہ تعریف ہے
(1) قضیہ حملیہ کی 2۔ قضیہ شرطیہ کی 3۔ معرّف کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

209 "وہ قضیہ جو دو قضیوں کی طرف نہ کھلے بلکہ دو مفردوں یا ایک مفرد اور ایک قضیہ کی طرف کھلے" یہ تعریف ہے
(1) قضیہ حملیہ کی 2۔ قضیہ شرطیہ کی 3۔ معرّف کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

210 وہ قضیہ جس میں ایک شئ کا دوسری شئ کے لئے ثبوت یا ایک شئ کی دوسری شئ سے نفی کرنے کا حکم نہ پایا جائے اُسے ـــــ کہتے ہیں۔
1۔ قضیہ حملیہ (2) قضیہ شرطیہ 3۔ معرّف 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

211 وہ قضیہ جو دو قضیوں کی طرف کھلے اُسے ـــــ کہتے ہیں۔
1۔ قضیہ حملیہ (2) قضیہ شرطیہ 3۔ معرّف 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

212 قضیہ حملیہ کی ـــــ اقسام ہیں (ایجاب و سلب کے اعتبار سے)
(1) دو 2۔ چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

213 "وہ قضیہ حملیہ جس میں کسی شئ کا دوسری شئ کے لئے ثبوت کا حکم ہو" یہ تعریف ہے
(1) قضیہ حملیہ موجبہ کی 2۔ قضیہ حملیہ سالبہ کی 3۔ قضیہ شرطیہ کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

214 "وہ قضیہ حملیہ جس میں کسی شئ کی دوسری شئ سے نفی کرنے کا حکم نہ پایا جائے" یہ تعریف ہے۔
1۔ قضیہ حملیہ موجبہ کی (2) قضیہ حملیہ سالبہ کی 3۔ قضیہ شرطیہ کی 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔



Product of BAREENA
Scanned with CamScanner

Date:

226. موضوع کے کلی یا جزئی ہونے کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی ____ قسمیں ہیں۔
1۔ دو (2) چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

227. وہ قضیہ جس کا موضوع جزئی حقیقی یعنی شخص معین ہو اُسے ____ کہتے ہیں
(1) قضیہ شخصیہ 2۔ قضیہ طبعیہ 3۔ قضیہ مھملة 4۔ قضیہ محصورة

228. قضیہ شخصیہ کو ____ بھی کہتے ہیں۔
1۔ قضیہ عمومیہ (2) قضیہ مخصوصة 3۔ 1 اور 2 دونوں 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

229. وہ قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور محمول کا حکم موضوع کی نفسِ حقیقت پر لگایا گیا ہو اُسے ____ کہتے ہیں
1۔ قضیہ شخصیہ (2) قضیہ طبعیہ 3۔ قضیہ مھملة 4۔ قضیہ محصورة

230. وہ قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور محمول کا حکم موضوع کے افراد پر لگایا گیا ہو لیکن افراد کی کمیّت بیان نہ کی ہو اُسے ____ کہتے ہیں۔
1۔ قضیہ شخصیہ 2۔ قضیہ طبعیہ (3) قضیہ مھملة 4۔ قضیہ محصورة

231. وہ قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور محمول کا حکم موضوع کے افراد پر لگایا گیا ہو اور افراد کی کمیّت بھی بیان کر دی گئی ہو اُسے ____ کہیں گے۔
1۔ قضیہ شخصیہ 2۔ قضیہ طبعیہ 3۔ قضیہ مھملة (4) قضیہ محصورة

232. قضیہ محصورة کی ____ قسمیں ہیں۔
1۔ دو (2) چار 3۔ چھ 4۔ آٹھ

233. "کل انسان حیوان" یہ مثال ہے
(1) موجبہ کلیہ کی 2۔ موجبہ جزئیہ کی 3۔ سالبہ کلیہ کی 4۔ سالبہ جزئیہ کی

234. "بعض الحیوان اسودٌ" یہ مثال ہے
1۔ موجبہ کلیہ کی (2) موجبہ جزئیہ کی 3۔ سالبہ کلیہ کی 4۔ سالبہ کلیہ کی

235. "لا شئ من الزنجی بابیض" یہ مثال ہے
1۔ موجبہ کلیہ کی 2۔ موجبہ جزئیہ کی (3) سالبہ کلیہ کی 4۔ سالبہ جزئیہ کی



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

236_ "بعض الانسان لیس با سود" یہ مثال ہے

1_ موجبہ کلیہ کی 2_ سالبہ کلیہ کی 3_ موجبہ جزئیہ کی (4) سالبہ جزئیہ کی

237_ وہ لفظ جس کے ذریعے افراد کی کمیت کو کلاً یا بعضاً بیان کیا جاتا ہے اُسے ___ کہتے ہیں

1_ رابطہ 2_ دال (3)_ سور 4_ ان میں سے کوئی نہیں

238_ "کل" اور "لام استغراق" ___ کے سور ہیں

(1)_ موجبۃ کلیہ 2_ موجبہ جزئیہ 3_ سالبہ کلیہ 4_ سالبہ جزئیہ

239_ "بعض" اور "واحد" ___ کے سور ہیں

1_ موجبہ کلیہ (2)_ موجبۃ جزئیہ 3_ سالبہ کلیہ 4_ سالبہ جزئیہ

240_ "لاشئ"، "لا واحد" اور "نکرۃ کا تحت نفی واقع ہونا" ___ کے سور ہیں

1_ موجبہ کلیہ 2_ موجبہ جزئیہ (3) سالبہ کلیہ 4_ سالبہ جزئیہ

241_ "لیس بعض" اور "بعض لیس" ___ کے سور ہیں

1_ موجبہ کلیہ 2_ سالبہ کلیہ 3_ موجبہ جزئیہ (4)_ سالبہ جزئیہ

242_ فارسی زبان میں لفظ "ہر" ___ کا سور ہے

(1)_ موجبۃ کلیۃ 2_ موجبۃ جزئیہ 3_ سالبہ کلیہ 4_ سالبہ جزئیہ

243_ مناطقہ "ج" سے ___ کو بیان کرتے ہیں

(1) موضوع 2_ محمول 3_ مقدم 4_ تالی

244_ مناطقہ "ب" سے ___ کو بیان کرتے ہیں

1_ موضوع (2)_ محمول 3_ مقدم 4_ تالی

245_ مفہوم کے اعتبار سے 2 متغایر چیزوں کو وجود کے اعتبار سے ایک کر دینا ___ کہلاتا ہے۔

1_ قضیہ (2) حمل 3_ معرّف 4_ ان میں سے کوئی نہیں

246_ حمل کی ___ قسمیں ہیں۔

(1) دو 2_ چار 3_ چھ 4_ آٹھ



Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

247_ وہ حمل جو "فی"، "ذو" یا "لام" کے واسطے سے ہو اُسے ـــــ کہتے ہیں
(1) حمل بالاشتقاق 2. حمل بالمواطاۃ 3_ قضیہ حملیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

248_ وہ حمل جو بلا واسطہ ہو اُسے ـــــ کہتے ہیں
1_ حمل بالاشتقاق (2) حمل بالمواطاۃ 3_ قضیہ حملیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

249_ "زید فی الدار"، "المال لزید" اور "خالد ذو المال" یہ سب امثلہ ہیں
(1) حمل بالاشتقاق 2_ حمل بالمواطاۃ 3_ قضیہ حملیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

250_ "عمرو طبیب" اور "باسر فصیح" یہ مثالیں ـــــ کی ہیں
1_ حمل بالاشتقاق (2) حمل بالمواطاۃ 3_ قضیہ حملیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

251_ وجودِ موضوع کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی ـــــ قسمیں ہیں۔
1_ دو 2_ پانچ (3) تین 4_ سات

252_ وہ قضیہ حملیہ جس میں موضوع پر خارج میں موجود ہونے کے اعتبار سے حکم لگایا گیا ہو اُسے ـــــ کہتے ہیں
(1) قضیہ حملیہ خارجیہ 2_ قضیہ حملیہ ذہنیہ 3_ قضیہ حملیہ حقیقیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

253_ وہ قضیہ حملیہ جس میں موضوع پر ذہن میں موجود ہونے کے اعتبار سے حکم لگایا گیا ہو اُسے ـــــ کہتے ہیں
1_ قضیہ حملیہ خارجیہ (2) قضیہ حملیہ ذہنیہ 3_ قضیہ حملیہ حقیقیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

254_ وہ قضیہ حملیہ جس میں موضوع پر خارج و ذہن سے قطع نظر فقط نفس الامر میں واقع ہونے کے اعتبار سے حکم لگایا گیا اُسے ـــــ کہتے ہیں۔
1_ قضیہ حملیہ خارجیہ 2_ قضیہ حملیہ ذہنیہ (3) قضیہ حملیہ حقیقیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

255_ وجودِ موضوع کے اعتبار سے "الانسان کاتب" کونسا قضیہ ہے
(1) حملیہ خارجیہ 2_ حملیہ ذہنیہ 3_ حملیہ حقیقیہ 4_ ان میں سے کوئی نہیں

256_ وجودِ موضوع کے اعتبار سے "الانسان کلی" کونسا قضیہ ہے
1_ حملیہ خارجیہ (2) حملیہ ذہنیہ 3_ حملیہ حقیقیہ 4_ کوئی نہیں


Product of BAREENA

Scanned with CamScanner

Date:

257۔ وجودِ موضوع کے اعتبار سے "الاربعۃ زوج" کونسا قضیہ ہے

۱۔ حملیہ خارجیہ (2) حملیہ حقیقیہ 3۔ حملیہ ذہنیہ 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

258۔ وجودِ موضوع کے اعتبار سے "الستۃ ضعف الثلاثۃ" کونسا قضیہ ہے۔

۱۔ حملیہ خارجیہ (2) حملیہ حقیقیہ 3۔ حملیہ ذہنیہ 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

ابتدا بروز ہفتہ 4 فروری 2023ء

اختتام بروز بدھ 8 فروری 2023

المرتب : محمد احسن آصف
طالب علم جامعہ فیضان کنز الایمان
نظرثانی: محمد قربان رضا ، محمد حارث عطاری

# MCQs Answers

| A | Q | A | Q | A | Q | A | Q | A | Q |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 101 | 2 | 76 | 2 | 51 | 3 | 26 | 3 | 1 |
| 1 | 102 | 3 | 77 | 4 | 52 | 1 | 27 | 3 | 2 |
| 2 | 103 | 4 | 78 | 4 | 53 | 2 | 28 | 4 | 3 |
| 1 | 104 | 3 | 79 | 2 | 54 | 1 | 29 | 1 | 4 |
| 1 | 105 | 3 | 80 | 3 | 55 | 2 | 30 | 3 | 5 |
| 2 | 106 | 3 | 81 | 1 | 56 | 4 | 31 | 3 | 6 |
| 3 | 107 | 3 | 82 | 1 | 57 | 3 | 32 | 1 | 7 |
| 2 | 108 | 3 | 83 | 2 | 58 | 1 | 33 | 1 | 8 |
| 1 | 109 | 3 | 84 | 1 | 59 | 2 | 34 | 1 | 9 |
| 2 | 110 | 3 | 85 | 2 | 60 | 1 | 35 | 1 | 10 |
| 2 | 111 | 1 | 86 | 3 | 61 | 3 | 36 | 2 | 11 |
| 3 | 112 | 1 | 87 | 3 | 62 | 2 | 37 | 4 | 12 |
| 4 | 113 | 2 | 88 | 1 | 63 | 3 | 38 | 3 | 13 |
| 3 | 114 | 2 | 89 | 2 | 64 | 1 | 39 | 1 | 14 |
| 4 | 115 | 2 | 90 | 3 | 65 | 1 | 40 | 3 | 15 |
| 2 | 116 | 1 | 91 | 1 | 66 | 3 | 41 | 1 | 16 |
| 2 | 117 | 3 | 92 | 2 | 67 | 2 | 42 | 1 | 17 |
| 1 | 118 | 4 | 93 | 3 | 68 | 2 | 43 | 1 | 18 |
| 3 | 119 | 2 | 94 | 1 | 69 | 3 | 44 | 1 | 19 |
| 3 | 120 | 2 | 95 | 1 | 70 | 1 | 45 | 1 | 20 |
| 2 | 121 | 2 | 96 | 3 | 71 | 1 | 46 | 1 | 21 |
| 1 | 122 | 1 | 97 | 2 | 72 | 1 | 47 | 2 | 22 |
| 1 | 123 | 3 | 98 | 1 | 73 | 2 | 48 | 2 | 23 |
| 2 | 124 | 1 | 99 | 1 | 74 | 3 | 49 | 1 | 24 |
| 3 | 125 | 1 | 100 | 2 | 75 | 3 | 50 | 2 | 25 |

Scanned with CamScanner

| A | Q | A | Q | A | Q | A | Q | A | Q |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | -230 | 1 | -204 | 1 | -178 | 2 | -152 | 3 | -126 |
| 4 | -231 | 2 | -205 | 1 | -179 | 1 | -153 | 1 | -127 |
| 2 | -232 | 2 | -206 | 2 | -180 | 1 | -154 | 1 | -128 |
| 1 | -233 | 1 | -207 | 1 | -181 | 1 | -155 | 3 | -129 |
| 2 | -234 | 1 | -208 | 3 | -182 | 3 | -156 | 1 | -130 |
| 3 | -235 | 1 | -209 | 4 | -183 | 1 | -157 | 1 | -131 |
| 4 | -236 | 2 | -210 | 3 | -184 | 2 | -158 | 1 | -132 |
| 3 | -237 | 2 | -211 | 2 | -185 | 3 | -159 | 3 | -133 |
| 1 | -238 | 1 | -212 | 4 | -186 | 4 | -160 | 1 | -134 |
| 2 | -239 | 1 | -213 | 4 | -187 | 2 | -161 | 3 | -135 |
| 3 | -240 | 2 | -214 | 4 | -188 | 2 | -162 | 1 | -136 |
| 4 | -241 | 2 | -215 | 2 | -189 | 3 | -163 | 1 | -137 |
| 1 | -242 | 1 | -216 | 1 | -190 | 1 | -164 | 2 | -138 |
| 1 | -243 | 2 | -217 | 1 | -191 | 1 | -165 | 1 | -139 |
| 2 | -244 | 2 | -218 | 2 | -192 | 4 | -166 | 2 | -140 |
| 2 | -245 | 1 | -219 | 2 | -193 | 1 | -167 | 2 | -141 |
| 1 | -246 | 2 | -220 | 3 | -194 | 3 | -168 | 3 | -142 |
| 1 | -247 | 1 | -221 | 3 | -195 | 4 | -169 | 2 | -143 |
| 2 | -248 | 2 | -222 | 4 | -196 | 3 | -170 | 1 | -144 |
| 1 | -249 | 3 | -223 | 4 | -197 | 2 | -171 | 2 | -145 |
| 2 | -250 | 1 | -224 | 1 | -198 | 1 | -172 | 3 | -146 |
| 3 | -251 | 2 | -225 | 1 | -199 | 2 | -173 | 4 | -147 |
| 1 | -252 | 2 | -226 | 2 | -200 | 3 | -174 | 1 | -148 |
| 2 | -253 | 1 | -227 | 2 | -201 | 3 | -175 | 3 | -149 |
| 3 | -254 | 2 | -228 | 2 | -202 | 3 | -176 | 2 | -150 |
| 1 | -255 | 2 | -229 | 3 | -203 | 3 | -177 | 4 | -151 |
| 2 | -256 → | 2 | | 2 | 257 | 2 | 258 | | |